مطبوعات

آفتابِ نبوت در ردِّ مرزائیت

از چوہدری محمد سرفراز خان۔ ناشر: چوہدری محمد سرفراز چیمہ، جفالی برادرز، جدّہ، (سعودی عرب)

پاکٹ سائز کے ۲۰۰ صفحات۔ قیمت: درج نہیں۔ مؤلف سے کالرہ کلاں ضلع گجرات کے پتے پر طلب کریں۔

چوہدری محمد سرفراز خان کی بہت سی کتابیں اور پمفلٹ دیکھے۔ تنہا اس شخص نے خدمتِ دین کا بڑا کام کیا ہے۔ دینیات عمومی نقطۂ نظر بہت صاف، معتدل اور صحیح قسم کا ہے۔ اس وقت ردِّ مرزائیت میں لکھی ہوئی یہ کتاب ہمارے سامنے ہے جس میں ایک سو دلائل سے مذکورہ فتنہ کا ابطال کیا گیا ہے۔

کتاب کے مطالعہ سے اندازہ ہوتا ہے کہ خاصے وسیع مطالعہ کے بعد اسے لکھا گیا ہے اور آیات و احادیث کی توضیح کرنے اور مرزا غلام احمد کی تحریروں کا پول کھولنے میں بڑی مہارت سے کام لیا گیا ہے۔ قادیانیت کے موضوع پر یہ کتاب اردو لٹریچر میں ایک اچھا اضافہ ہے۔

چوہدری صاحب نے چاہا تو یہ تھا کہ ایک ایسی کتاب مرتب ہو جائے جو نہ بہت مختصر ہو اور نہ زیادہ ضخیم۔ لیکن جب وہ کام کرنے بیٹھے تو اچھی خاصی بڑی کتاب تیار ہو گئی۔ میرا خیال یہ ہے کہ اس موضوع پر مسلسل کام ہوتے رہنا چاہیے، کیونکہ مرزائی یا قادیانی یا احمدی حضرات مسلسل غلط فہمیاں پیدا کر کے یہ اثر ڈالنا چاہتے ہیں کہ ہم بھی اسلام کے علمبردار ہیں، حالانکہ وہ ایک نئی جعلی نبوت کے گرد جمع ہونے والی ایک نئی اُمت ہیں۔